تحائفِ احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

حضرت مولانا ڈاکٹر محمد اشرف جلالی صاحب نے مجلّہ ضیائے اسلام (جہلم) ارسال کیا ہے جو جلد اول کا چوتھا شمارہ ہے۔اور بزم شیخ الاسلام پاکستان دینہ سے شائع ہوا ہے۔

شاہ محمد غوث اکیڈمی پشاور نے الحسن کا خصوصی شمارہ مولوی جی نمبر ارسال کیا ہے جو حضرت علامہ سید محمد امیر شاہ قادری گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال و خدمات پر ہے۔

جناب مولانا حافظ محمد عطاء الرحمٰن قادری صاحب نے حیاتِ محدث اعظم کا تحفہ ارسال کیا ہے جو چار سو ساٹھ صفحات پر مشتمل ایک اچھی سوانح حیات ہے۔ اس کی ترتیب و تالیف میں جناب مؤلف نے خاصی محنت کی ہے ۔ رضا فاؤنڈیشن لاہور نے اسے زیور طبع سے آراستہ کیا ہے۔حضرت علامہ سردار احمد محدث لائل پوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی پر یہ ایک خوبصورت کاوش ہے۔

جناب مولانا قاری محمد اویس معصومی صاحب نے قیوم زمان نامی تحفہ ارسال کیا ہے ۔ انہوں نے اپنے پیر و مرشد جناب الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات مرتب کی ہے جسے قیوم زماں پنجم کا نام دیا ہے۔

دمشق (شام) سے، جناب الدکتور ایمن الشوا نے حسب ذیل تحائف عنائت فرمائے ہیں ۔الدکتور ایمن الشوا معہد الفتح میں عربی زبان وادب کے استاذ ہیں' مجمع العلمی دمشق کے متحرک رکن ہیں' جامعۃ الدمشق میں عربی کے استاذ ہیں اور دار الفکر سے ادبی تعلق رکھتے ہیں۔

اعراب القرآن الکریم من مغنی اللبیب ۔

مقاصد سور القرآن للام مجد الدین الفیر وز آبادی

ان دونوں کتابوں پر شیخ ایمن الشوا نے تحقیقی کام کیا ہے' شیخ نے ہمارے سفر شام میں ایک صبح خصوصی دعوت کا اہتمام کیا اور اپنے ذاتی مکتبہ کی زیارت سے مشرف کیا۔ جو ان کی رہائش گاہ پر واقع ہے۔